شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان

36-کے، ماڈل ٹائون لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

21 اکتوبر 2022

# پریس ریلیز

## بھارت کا پاکستانی سرحد کے قریب نیا ایئر بیس قائم کرنا انتہائی تشویش ناک ہے۔(شجاع الدین شیخ)

**لاہور(پ ر):** بھارت کا پاکستانی سرحد کے قریب نیا ایئر بیس قائم کرنا انتہائی تشویش ناک ہے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے قرآن اکیڈمی لاہور میں خطابِ جمعہ کے دوران کہی۔ اُنہوں نے کہا کہ خود نریندر مودی کا اس ایئر بیس کا افتتاح کرنا ظاہر کرتا ہے کہ بھارت اِسے خصوصی اہمیت دے رہا ہے۔ اِس بڑے ایئر بیس کے قائم کرنے سے ہمارے ازلی دشمن بھارت کے پاکستان کے خلاف جارحانہ عزائم ایک مرتبہ پھر کھل کر سامنے آگئے ہیں۔ چند دن قبل امریکی صدر جو بائیڈن کا پاکستان کو دنیا کے خطرناک ترین ممالک میں سے ایک قرار دینا اور پاکستان کے ایٹمی ہتھیاروں کو بے ربط کہنا دیوانے کی بڑ نہیں بلکہ ایک سوچے سمجھے منصوبہ کا حصہ ہے۔ جس کا مقصد بظاہر یہی دکھائی دیتا ہے کہ پاکستان کے ایٹمی دانت توڑ دیئے جائیں تاکہ پاکستان، بھارت اور اسرائیل کے سامنے بے دست و پا ہو جائے۔ امیر تنظیم نے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایسے میں جب کہ طاغوتی قوتیں پاکستان کو نقصان پہنچانے کی ہر ممکن کوشش کر رہی ہیں، ہمارے سیاست دان اور تمام ریاستی ادارے ایک دوسرے کو نیچا دکھانے کے کھیل میں مصروف ہیں۔ قومی سلامتی اور ملکی مفاد کے حوالے سے اِسی غیر سنجیدگی کے باعث ہم پون صدی سے دربدر کی ٹھوکریں کھا رہے ہیں اور دنیا بھر میں ذلیل و رسوا ہو رہے ہیں۔ ہماری حکومت، اپوزیشن اور تمام ادارے ہوش کے ناخن لیں، باہمی سر پھٹول ختم کریں اور دشمن کی ہر چال کو ناکام بنانے کے لیے اتفاق و اتحاد کے ساتھ پیش بندی کریں تاکہ مملکتِ خداداد پاکستان کے امن اور سلامتی کو یقینی بنایا جا سکے۔

**جاری کردہ**

ایوب بیگ مرزا

مرکزی ناظم شعبہ نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان

# TANZEEM-E-ISLAMI

**PRESS RELEASE: Friday 14 October 2022**

## “The construction of a new Indian airbase bordering Pakistan is a matter of great concern.”

**(Shujauddin Shaikh)**

**Lahore (PR): “The construction of a new Indian airbase bordering Pakistan is a matter of great concern.”**

This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, during the Khitab-e-Jumu’ah at Qur’an Academy Lahore. The Ameer said that the fact that the Indian PM Narendra Modi himself inaugurated this airbase indicates the importance of this military installation for India. This has demonstrated once again that India, our perennial enemy, has hostile intentions against Pakistan. The Ameer said that the statement made by the US President Joe Biden a few days go in which he called Pakistan “one of the most dangerous nations in the world” having “nuclear weapons without cohesion” was not, by any measure, a slip of tongue but part of an elaborate plan. It appears that the US wants to have Pakistan denuclearized so that Pakistan loses its ability to respond to aggressions from both India and Israel. The Ameer lamented that while the malevolent forces are using every possible ploy to damage Pakistan, it is a matter of shame that our politicians and state institutions are engaged in a game of thrones. Our lack of seriousness regarding national interests and national security are a major reason why we have been wandering in wilderness for 75 years without purpose, gathering nothing but ignominy in the world. The Ameer strongly suggested that our government, opposition and state institutions must act sensibly, stop mutual acrimony and take all possible measures to defeat the designs of the enemies of Pakistan, so that the peace and security of Pakistan can be ensured.

**Issued by**
**Ayub Baig Mirza**
**Markazi Nazim of Press and Publications Section**
**Tanzeem-e-Islami, Pakistan**